ردِّ قادیانیّت

رسائل

- حضرت مولانا مفتی محمد شفیع رحمۃ اللہ علیہ
- حضرت مولانا حفظ الرحمٰن سیوہاروی رحمۃ اللہ علیہ
- حضرت مولانا علامہ شمس الحق افغانی رحمۃ اللہ علیہ

احتسابِ قادیانیّت

سیزدہم

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوۃ

حضوری باغ روڈ، ملتان - فون: 514122

ردِّ قادیانیت

رسائل

- حضرت مولانا مفتی محمد شفیع رحمۃ اللہ علیہ
- حضرت مولانا حفظ الرحمٰن سیوہاروی رحمۃ اللہ علیہ
- حضرت مولانا علامہ شمس الحق افغانی رحمۃ اللہ علیہ

احتسابِ قادیانیت

سیزدہم

عالمی مجلس تحفظ ختم نبوۃ

حضوری باغ روڈ ۔ ملتان ۔ فون : 514122

انا خاتم النبیین لا نبی بعدی

البیان الرفیع

(بیان در مقدمہ بہاول پور)

حضرت مولانا مفتی محمد شفیع دیوبندیؒ

اسی طرح شرح شفا میں ہے:"کذلك نكفر من ادعیٰ نبوة احد مع نبينا عليه السلام ان فی زمنه كمسيلمة الكذاب والاسود العنسی اوادعی النبوة احد بعده فانه خاتم النبيين بنص القرآن والحديث فهذا تكذيب لله ورسوله عليه السلام ۔ نسيم الرياض ج ٤ ص ٥٠٦ "یعنی ہم ایسے ہی اس شخص کو بھی کافر کہتے ہیں جو ہمارے نبی ﷺ کے ساتھ نبوت کا دعویٰ کرے۔ یعنی آپ ﷺ کے زمانے میں جیسے مسیلمہ کذاب اور اسود عنسی نے کیا یا آپ ﷺ کے بعد کرے۔ اس لئے کہ آپ ﷺ خاتم الانبیاء ہیں بنص قرآن وحدیث۔ پس دعویٰ اللہ اور اس کے رسول کی تکذیب ہے۔

نیز ہے:"اذالم يعرف ان محمداً ﷺ آخر الانبياء فليس بمسلم لا نه من ضروريات الدين ۔ الاشباه والنظائر كتاب السير ص ١٠٢ ""یعنی جب کوئی شخص یہ نہ جانے کہ آنحضرت ﷺ تمام نبیوں کے آخری ہیں۔ کافر ہے۔ کیونکہ آپ کا آخری نبی ہونا ضروریات دین میں سے ہے"۔

نیز فقہ حنفی کی مشہور کتاب البحر الرائق ص ۱۲۱ ج ۵ میں ہے کہ:"اگر کوئی کلمہ شک کے ساتھ یہ کہے کہ اگر انبیاء کا فرمان صحیح اور سچ ہو تو وہ کافر ہو جاتا ہے۔ اسی طرح اگر یہ کہے کہ میں اللہ کا رسول ہوں۔"

نیز فتاویٰ عالمگیریہ ص ۲۶۳ ج ۲ میں ہے:"اذالم يعرف ان محمداعليه السلام آخرالآنبياء "یعنی اگر کوئی آدمی یہ عقیدہ نہ رکھے کہ آنحضرت ﷺ آخری نبی ہیں تو وہ مسلمان نہیں اور اگر کہے کہ میں رسول ہوں یا فارسی میں کہے کہ من پیغمبرم اور مراد یہ ہو کہ میں پیغام پہنچاتا ہوں۔ تب بھی کافر ہو جاتا ہے۔ جس کا منشا یہ ہے کہ ایسے الفاظ ہوں۔ جو دعویٰ نبوت کے موہم ہوں۔ وہ بھی کفر ہے۔

علامہ ابن حجر مکی اپنے فتاویٰ میں لکھتے ہیں:"من اعتقد وحيا بعد محمد ﷺ فقد كفر باجماع المسلمين "یعنی جو شخص آنحضرت ﷺ کے بعد وحی کا اعتقاد رکھے۔ وہ باجماع مسلمین کافر ہے۔

حضرت ملا علی قاری"شرح فقہ اکبر ص ۲۰۲ میں تحریر فرماتے ہیں:"ودعوى النبوة بعد نبينا كفر بالاجماع" آنحضرت ﷺ کے بعد دعویٰ نبوت کرنا باجماع کفر ہے۔

علامہ سید محمود آلوسی مفتی بغداد اپنی تفسیر کے ص ۶۵ ج ۷ میں لکھتے ہیں:"وكونه